04 دسمبر 2025ء

**سعودی عرب نے پاکستانی معیشت کی اعانت کے لیے پاکستان کے پاس رکھے ہوئے 3.0 ارب ڈالر کے ڈپازٹ کی میعاد میں توسیع کر دی**

سعودی فنڈ برائے ترقی (ایس ایف ڈی) نے سعودی عرب کی طرف سے پاکستان کے پاس رکھے ہوئے 3.0 ارب ڈالر کے ڈپازٹ کی میعاد میں مزید ایک سال کی توسیع کر دی ہے، جن کی مدت 08 دسمبر 2025ء کو مکمل ہونے والی تھی۔ مذکورہ رقم اسلامی جمہوریہ پاکستان کی طرف سے اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کے پاس رکھوائی گئی ہے۔ڈپازٹ کی مدت میں توسیع سعودی عرب کی جانب سے پاکستان کو فراہم کی جانے والی اعانت کا تسلسل ہے، جو پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر کو مضبوط بنانے میں اعانت کے ساتھ ملک کی معاشی نمو اور ترقی میں بھی اہم کردار ادا کرے گا۔ یہاں یہ امر قابلِ ذکر ہے کہ 3.0 ارب امریکی ڈالر کے ڈپازٹ ابتدائی طور پر اسٹیٹ بینک کے پاس 2021ء میں بطور ڈپازٹ رکھوائے گئے تھے، اور تب سے انہیں رول اوور کیا جا رہا ہے۔

*******